PR.No. 33/2026
**FEDERAL CONSTITUTIONAL COURT OF PAKISTAN**
******
Islamabad, the 17th August, 2026

# DELEGATION OF 54TH COMMON TRAINING PROGRAMME OF CIVIL SERVICES ACADEMY VISITS FEDERAL CONSTITUTIONAL COURT OF PAKISTAN

A 23-member delegation of Group No. 10 of the 54th Common Training Programme of the Civil Services Academy, Lahore, visiting Islamabad as part of a study tour, visited the Federal Constitutional Court of Pakistan.

On the occasion, the members of the delegation were shown a documentary highlighting the establishment of the Federal Constitutional Court of Pakistan, its constitutional mandate and jurisdiction, institutional evolution, administrative structure, and the measures undertaken to ensure the transparent, effective, and timely dispensation of constitutional justice.

Thereafter, the Heads of various Wings and Directorates of the Court briefed the participants on their respective areas of work, official responsibilities, administrative procedures, technological advancements, and ongoing activities. In this regard, the participants were also apprised of the role of judicial administration, core information technology systems, research and legal support, media affairs and public relations, human resource management, and other supporting departments, providing them with a comprehensive understanding of the Court's organizational structure and working procedures.

The members of the delegation appreciated the comprehensive nature of the programme, institutional discipline, professional standards, and modern administrative practices of the Court. They also expressed their gratitude to the Worthy Registrar and the Court Administration for the gracious hospitality extended during the visit. At the conclusion of the visit, commemorative shield was presented by the Worthy Registrar of the FCCP, Mr. Muhammad Hafeez Ullah Khan, to the Head of the Delegation, Mr. Aitesam-ul-Haq. The visit concluded with a commemorative group photograph of the delegation with the Worthy Registrar.







https://www.facebook.com/share/1Ed4vAEkQj/
https://www.instagram.com/fccp_pakistan
https://x.com/FCCP_pakistan
https://bit.ly/4v7P5ps

**Dr. Bibi Ameena**
Director, Media Affairs
& Public Relations

# <u>سول سروسز اکیڈمی کے 54ویں مشترکہ تربیتی پروگرام کے وفد کا وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان کا دورہ</u>

سول سروسز اکیڈمی، لاہور کے ۵۴ویں مشترکہ تربیتی پروگرام کے تحت اسلام آباد کے مطالعاتی دورے پر آئے گروپ نمبر ۱۰ کے ۲۳ رکنی وفد نے وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان کا دورہ کیا۔

اس موقع پر شرکائے وفد کو ایک دستاویزی فلم دکھائی گئی، جس کے ذریعے وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان کے قیام، آئینی منصب و دائرۂ اختیار، ادارہ جاتی ارتقا، انتظامی ساخت اور آئینی عدل کی شفاف، مؤثر اور بروقت فراہمی کے لیے روبہ عمل لائے گئے اقدامات کا جامع احاطہ کیا گیا۔

بعد ازاں، عدالت کے مختلف ونگ اور ڈائریکٹوریٹ کے سربراہان نے اپنے اپنے دائرۂ کار، منصبی ذمہ داریوں، انتظامی طریقِ کار، تکنیکی پیش رفت اور جاری امور کے بارے میں شرکا کو آگاہ کیا۔ اس ضمن میں عدالتی نظم و نسق، اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے بنیادی نظام، تحقیقی و قانونی معاونت، ذرائع ابلاغ و تعلقاتِ عامہ، انتظامِ انسانی وسائل اور دیگر معاون شعبہ جات کے کردار پر بھی روشنی ڈالی گئی، جس سے شرکا کو عدالت کے تنظیمی خدوخال اور طرزِ کار سے جامع آگاہی حاصل ہوئی۔

شرکائے وفد نے پروگرام کی جامعیت، ادارہ جاتی نظم و ضبط، پیشہ ورانہ معیار اور جدید انتظامی طرزِ عمل کو سراہتے ہوئے دورے کے دوران حسنِ میزبانی پر معزز رجسٹرار اور عدالتی انتظامیہ سے اظہارِ تشکر کیا۔ دورے کے اختتام پر معزز رجسٹرار، وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان جناب محمد حفیظ اللہ خان نے وفد کے سربراہ جناب اعتصام الحق کو یادگاری شیلڈ پیش کی، جس کے بعد وفد نے معزز رجسٹرار کے ہمراہ یادگاری گروپ فوٹو بنوائی۔